نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

"پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ" کی لانچنگ تقریب کا لاہور میں انعقاد

عالمی بینک کے تعاون سے 68ارب روپے کی مالیت کے اس منصوبہ کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے،جدید نظام کی تنصیب اور منافع بخش زراعت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب سیدہ کلثوم حئی

پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ کے تحت سالانہ 10لاکھ ایکڑ فٹ پانی کی بچت کے ساتھ کاشتکاروں کے مابین پانی کی تقسیم میں 40فیصد تک بہتری پیدا ہوگی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم

لاہور15مارچ2023: "پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ" کے تحت زراعت میں جاری موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے، جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کے علاوہ نجی شعبے کو سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنے اور منافع بخش زراعت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی کی سہولیات دینے کے لئے مجموعی طور پر 68 ارب روپے کی لاگت سے شعبہ اصلاح آبپاشی کا یہ پانچ سالہ منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے جس میں سے 45ارب روپے سے زائد عالمی بینک معاونت فراہم کر رہا ہے۔اس منصوبہ کے تحت 13 لاکھ سے زائد دیہی فارم خاندانوں کو براہ راست فائدہ حاصل ہوگا۔ان خیالات کا اظہار اسپشل سیکرٹری زراعت مارکیٹنگ (پنجاب) سیدہ کلثوم حئی نے لاہور میں" پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ" کی لانچنگ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ممبر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اسلم جاوید نے کہا کہ یہ منصوبہ حکومت پنجاب کے میگا پراجیکٹس میں سے ایک ہے۔اس منصوبہ سے زرعی شعبہ میں پانی کی پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جائے گا جس سے چھوٹے کاشتکاروں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔اس کے علاوہ اس منصوبہ کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے میں بھی معاونت ملے گی۔اس موقع پر ایگریکلچر اینڈ فوڈ پریکٹس منیجر فار ساؤتھ ایشیاء ورلڈ بینک مسٹر اولیور بریڈتھ نے کہا کہ عالمی بینک کی معاونت سے اس منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب میں فصلوں کی پیداوار میں 25 فیصد جبکہ پانی کی پیداواری صلاحیت میں 20 فیصد تک بہتری آئے گی۔اس منصوبہ کے تحت 5 ہزار سے زائد دیہی نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے تحت 3 ہزار کھالہ جات کو پختہ کیا جائے گا۔اس منصوبہ کے تحت 40 ہزار ایکڑ پر ہائی ایفیشنسی نظام آبپاشی اور 20 ہزار ایکڑ پر سولر سسٹم کی تنصیب کی جائے گی۔اس منصوبہ کے تحت صوبہ بھر میں سالانہ 10 لاکھ ایکڑ فٹ پانی کی بچت ہوگی اور تقریباً 6لاکھ ایکڑ تک پانی کی نقل و حمل میں بہتری آئے گی جس سے کاشتکاروں کے مابین پانی کی تقسیم میں 40 فیصد تک بہتری پیدا ہوگی۔تقریب کے اختتام پر اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) اور ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) نے عالمی بینک کے نمائندگان میں یادگاری اعزازی شیلڈز تقسیم کیں۔لانچنگ تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) عمر شیر چٹھہ، چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر،ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی ہیڈکوارٹر حافظ قیصر یاسین و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆